قائم شدہ 1978

# پاک فرینڈز سوسائٹی - ڈنمارک

**Pakistan Friends Society Denmark**

www.pfsd.dk

## تعارف، مقاصد، آئین

### برائے رابطہ:


| | | | |
|---|---|---|---|
| امانت علی | 51905375 | عثمان چوہان | 26848856 |
| تنویر منیر | 31121016 | احمد فاروق | 40789223 |
| خلیل بیگ | 31250330 | عمران اقبال راجہ | 28688786 |
| سرفراز احمد | 50540944 | محمد آصف خواجہ | 91459038 |

# تعارف، مقاصد اور آئین

## تعارف:

ممبر بننے والے کسی بھی ممبر اور اس کے اہل خانہ کی فوتیدگی کی صورت میں تجہیز و تکفین اور اہل خانہ کی مدد اپنی روائت اور اپنے طور طریقوں کے ساتھ۔

## مقاصد:

1. اس سوسائٹی کا مقصد ممبر بننے والے کسی بھی رکن یا اس کی فیملی کے کسی فرد کی کسی بھی طریقے سے موت واقع ہونے کی صورت اس کے ورثا کی مدد کرنا ہے۔
2. یہ کوئی سیاسی تنظیم نہیں اور نہ ہی اس کا کسی مذہبی تنظیم سے کسی قسم کا کوئی تعلق ہے۔
3. ممبر بننے والے خاوند یا بیوی کی صورت میں مدد کا تعین مبلغ 75 ہزار کرؤن ہے۔ ایک سال سے 18 سال کے بچے تک کی فوتیگی پر رقم 35 ہزار ہے۔
4. چونکہ ہم ڈنمارک میں رہتے ہیں، اس لئے ڈینش قوانین کے مطابق ساتھ رہنے والی صرف ایک ہی بیوی اہل خانہ تصور کی جائے گی۔ پہلی بیوی یا کسی بھی حالت میں طلاق شدہ مرد یا بیوی (جن کی طلاق ہو چکی ہو) وہ اہل خانہ میں شمار نہیں ہوگی۔
5. اگر ایک دفعہ بیوی فوت ہونے پر رقم وصول کر لی ہو، تو دوسری شادی کی صورت میں بیوی کا کلیم صرف 35 ہزار ہوگا۔

## آئین:

1. سوسائٹی کا کوئی ماہوار چندہ نہیں، ہر وہ پاکستانی جس کی عمر 18 سے 45 سال ہے، اس کا ممبر بن سکتا ہے۔

2. ممبر بنتے وقت ہر رکن کو ایک فارم پر دستخط کرنا ہونگے، جس میں اس نے اپنے اور اپنے اہل خانہ کے کوائف درج کرنا ہونگے۔ کسی بھی ممبر کی فوتیگی پر اپنا حصہ ادا کرنا ہوگا۔

3. ممبر شپ فیس مبلغ 500 کراؤن اپنے فارم کے ساتھ ادا کرنی ہوگی۔

4. کوئی بھی رکن کسی بھی وقت سوسائٹی چھوڑ سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں اسے اپنا حلف نامہ (فارم) واپس لینا ہوگا۔

5. ہر علاقے میں ممبران کی تعداد کے لحاظ ایک ایگزیکٹیو رکن ہوگا، جو اپنے بنائے ہوئے اپنے علاقے کے ممبران کا ضامن ہوگا۔ کسی بھی ہنگامی صورت میں وہ اپنے اراکین سے رابطہ قائم کرے گا۔

6. یہ سوسائٹی ایک صدر، ایک نائب صدر، ایک جنرل سیکریٹری، تین خزانچیوں (بشمول صدر) ایک اکاؤنٹنٹ اور مختلف علاقوں سی چنے ہوئے ایگزیکٹیو افراد پر مشتمل ہے۔ جن کی تعداد اس وقت 30 ہے۔

7. کسی بھی فوتیگی کی صورت میں متعلقہ علاقے کے ایگزیکٹیو ممبر کے ہاں ہنگامی میٹنگ ہوگی۔ جس میں حالات کے مطابق لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔

8. فوتیگی کی صورت میں پانچ ہفتوں کے اندر اندر ممبر نے اپنا حصہ (جو کہ اس وقت فیملی کے لئے 200 اور سنگل کے لئے 150 کراؤن ہے) ادا کرنا ہوگا۔

10. بغیر ثبوت کے سوسائٹی پر کسی قسم کی الزام تراشی سوسائٹی سے اخراج کا باعث ہوگی۔

11. یہ اپنی مدد آپ کے تحت قائم ہونے والی سوسائٹی ہے۔ جس میں کسی کمی بیشی کے امکان کو خارج تو نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اس لئے کسی بھی متنازع مسئلہ پر ایگزیکٹیو کونسل کا سادہ اکثریت سے کیا ہوا فیصلہ ہر رکن کے لئے قابل قبول ہوگا۔ جس کو کسی بھی جگہ چیلنج نہیں کیا جا سکے گا۔

12. یہ سوسائٹی اپنے حقوق کو مدنظر رکھتے ہوئے اس بات کی مجاز ہوگی کہ اگر وہ چاہے تو بعض اراکین سے پیشگی چندہ بھی لے سکتی ہے، اور جس طرح ایک رکن ایک ہفتہ کے نوٹس پر اس کو چھوڑ سکتا ہے، اسطرح سوسائٹی بھی کسی رکن کی خدمات ادا کرنے سے معزرت کر سکتی ہے۔

# آپ کے لئے شرائط اور ہدایات:

1. اگر آپ اپنا فون نمبر یا گھر کا ایڈریس تبدیل کرتے ہیں تو اس کی اطلاع اپنے رابطہ ممبر کو فوری طور پر دیں۔
تا کہ صحیح فون نمبر اور صحیح ایڈریس پر آپ سے رابطہ قائم کیا جا سکے، دوسری صورت میں اگر آپ سے رابطہ قائم نہیں ہوتا تو اس کے ذمہ دار آپ ہیں۔

2. کسی بھی فوتیگی کے سلسلہ میں آپ کا لوکل رابطہ ممبر صرف ایک بار آپ کو مطلع کرے گا بار بار فون کرنا اور آپ کو یاددہانی کرانا اس کا کام نہیں۔ اس کے بعد بھی اگر آپ مقررہ مدت تک اپنی ادائیگی نہیں کرتے تو ذمہ دار آپ خود ہونگے۔

3. اگر کسی نے مطلع کرنے کے باوجود مقررہ مدت تک اپنا حصہ ادا نہ کیا ہو اور اس کے ساتھ کوئی واقع پیش آجاتا ہے تو سوسائٹی ھذا اس کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

4. رابطہ ممبر نے صرف آپ کو مطلع کرنا ہے، اپنا حصہ یعنی پیسے آپ نے کسی طرح ادا کرنے ہیں، یہ آپ کی ذمہ داری ہے۔ رابطہ ممبر نے آپ کے پاس آکر پیسے نہیں لینے، اگر آپ نے مقررہ مدت کے اندر ادائیگی نہ کی تو کسی بھی صورت حال کے آپ ذمہ دار ہونگے۔

5. فوتیگی کی صورت میں ورثا کو ادائیگی بذریعہ صرف اور صرف بنک کے ذریعے ہوگی۔

6. پاکستان جانے کی صورت میں آپ اپنے ممبر کو مطلع کریں، اور آپ کی ادائیگی کا کون ذمہ دار ہوگا۔

7. حسب سابق آپ ہمیں اپنی وصیت لکھ کر اپنے رابطہ ممبر کے ذریعے دے سکتے ہیں۔

8. اگر آپ کو کسی قسم کی کوئی شکائت ہو تو آپ جنرل سیکریٹری یا صدر سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

9. یہ سوسائٹی درددل اور خوف خدا رکھنے والے ہم خیال پاکستانیوں کا ایک ایگزیکٹیو بورڈ اپنی مدد آپ کے تحت انشورنس کے طرز پر چلا رہا ہے۔ جس میں آپ اپنی خوشی سے اور اپنے، اپنی فیملی کے فائدے کے لئے شامل ہوتے ہیں۔ آپ اپنا حصہ کوئی فوتیگی ہو جانے کے بعد ادا کرتے ہیں۔ اور جمع شدہ رقم ہم مرحوم کے لواحقین کو ادا کر دیتے ہیں۔ اگر آپ کسی وقت، کسی بھی وجہ سے سوسائٹی چھوڑنا چاہتے ہیں تو آپ ایسا کرنے کے مجاز ہیں۔ لیکن آپ سوسائٹی کو یہ نہیں کہہ سکتے کہ میں نے اب تک جو رقم ادا کی ہے وہ مجھے واپس دیں۔ جب تک آپ اس سوسائٹی کے ممبر رہے ہیں، آپ اور آپ کی پوری فیملی کا رسک سوسائٹی کی ذمہ داری تھی۔ اس لئے اپنی مرضی سے چھوڑنے یا آپ کی کسی غیر ذمہ دارانہ حرکت کی وجہ سے نکالے جانے کی صورت میں سوسائٹی آپ کو کچھ بھی ادا نہیں کرے گی۔